ایمانیات، عبادات، سیرت، اذکار، دعاؤں، سُنّتوں اور آداب پر مشتمل مدنی گلدستہ

# اسلامیات

پانچویں جماعت کے لیے

Maktabah Madinah

دعوت اسلامی

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔
مجلس دارالمدینہ (دعوتِ اسلامی) کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر اس اشاعت کے کسی بھی حصّے کی نقل، ترجمہ یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے کی اجازت نہیں۔

**پبلشر**
دارالمدینہ پبلی کیشنز
پہلی اشاعت ۲۰۱۷
ISBN 978-969-691-013-8

**تیاری و پیش کش**
شعبۂ نصاب، دارالمدینہ
ای میل: curriculum@darulmadinah.net

دارالمدینہ (انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم) ان ممالک میں موجود ہے

پاکستان | بھارت | سری لنکا | برطانیہ | ریاست ہائے متحدہ امریکا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن

تصدیق کی جاتی ہے کہ کتاب "اسلامیات (پانچویں جماعت کے لیے)" مطبوعہ دارالمدینہ پبلی کیشنز پر مجلس تفتیشِ کتب ورسائل کی جانب سے نظرِ ثانی کی کوشش کی گئی ہے۔ مجلس نے اسے عقائد، کفریہ عبارات، اخلاقیات اور فقہی مسائل وغیرہ کے حوالے سے مقدور بھر ملاحظہ کرلیا ہے، البتہ کمپوزنگ یا کتابت کی غلطیوں کا ذمہ مجلس پر نہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
مجلس
تفتیش کتب ورسائل
دارالمدینہ عالمی مدنی مرکز سندھی ہیب بلڈنگ کراچی

تاریخ: ۱۷ جنوری ۲۰۱۷ — مجلس تفتیشِ کتب ورسائل (دعوتِ اسلامی)

## ہمارا ساتھ دیجیے۔

دارالمدینہ (انٹرنیشنل اسلامک اسکول سسٹم) کا بنیادی مقصد شریعت کے تقاضوں کے مطابق معیاری دینی و دنیوی تعلیم فراہم کرنا ہے۔
تمام اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں سے تعاون کی مدنی التجا ہے۔

**Dar-ul-Madinah Educational Support Fund**

| | | | |
|---|---|---|---|
| Title of Account | : Darul Madina Educational Support Fund | Branch Code | : 0891 |
| Account No. | : 010-1515-9 | Swift Code | : UNILPKKA |
| Bank | : UBL Ameen | IBAN Code | : PK97UNIL0112089101015159 |
| Branch | : Main Branch M.A. Jinnah Road, Karachi | | |

**For Sadqaat-e-Nafila**

| | | | |
|---|---|---|---|
| Title of Account | : DAWATEISLAMI | Branch Code | : 0063 |
| Account No. | : 0388841531000263 | Swift Code | : MUCBPKKA |
| Bank | : MCB Bank Limited | IBAN Code | : PK20MUCB0388841531000263 |
| Branch | : Cloth Market Branch, Karachi | | |

مزید معلومات اور آن لائن عطیات جمع کروانے کے لیے ہماری ویب سائٹس وزٹ کیجیے۔
www.darulmadinah.edu.pk | www.dawateislami.net | donation.dawateislami.net

ایمانیات، عبادات، سیرت، اذکار، دعاؤں، سنتوں اور آداب پر مشتمل مدنی گلدستہ

# اِسلامیات

پانچویں جماعت کے لیے

نام _____
ولدیت _____ فون _____
جماعت _____ سیکشن _____
ایڈمیشن آئی۔ڈی _____ جی۔آر نمبر _____ رول نمبر _____
اسکول _____

**شعبۂ اسلامیات**

دارالمدینہ شعبۂ نصاب (دعوتِ اسلامی)

# فہرست

## باب اوّل: حفظ و ناظرہ


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 01 | سورۃُ الکٰفِرون | 02 |
| 02 | آیتُ الکرسی | 03 |
| 03 | سورۃُ الماعون | 04 |
| 04 | چھٹا کلمہ | 05 |
| 05 | دُعائے تراویح | 06 |


## باب دوم: ایمانیات


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 06 | اللہ عَزَّوَجَلَّ پاک ہے | 08 |
| 07 | خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم | 11 |
| 08 | سُنّتِ رسُول صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم | 15 |
| 09 | آخرت کی کھیتی | 20 |


## باب سوم: طہارت و عبادات


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 10 | پانی کے احکام | 26 |
| 11 | نماز کی سُنّتیں اور مستحبات | 29 |
| 12 | رمضان اللہ عَزَّوَجَلَّ کا انعام | 33 |


## باب چہارم: سیرتِ مصطفٰی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 13 | ہجرتِ مدینہ | 41 |
| 14 | مدینے میں آقا صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آمد | 47 |
| 15 | غزوات نبوی | 53 |


## باب پنجم: اخلاق و آداب


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 16 | والدین کی خدمت | 63 |
| 17 | صبر و تحمل | 68 |
| 18 | شرم و حیا | 73 |
| 19 | مجلس کے آداب | 79 |
| 20 | گھر میں آنے جانے کی سُنّتیں اور آداب | 83 |
| 21 | راستے کے آداب | 86 |


## باب ششم: مشاہیرِ اسلام


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 22 | حضرت سیِّدُنا عیسٰی عَلَیْہِ السَّلَام | 92 |
| 23 | حضرت سیِّدُنا علی کَرَّمَ اللہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم | 98 |


Dar-ul-Madinah

## سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْن

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ﴿۱﴾ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ﴿۲﴾
وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۚ﴿۳﴾ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ﴿۴﴾
وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ؕ﴿۵﴾ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ﴿۶﴾

### مدنی پھول

جو شخص ایک بار سورۂ کٰفِرون پڑھے گا، اُسے چوتھائی قرآن پڑھنے کے برابر ثواب ملے گا۔

### سرگرمی

سورۂ کٰفِرون زبانی یاد کر کے سُنائیے۔

### رہنمائے اساتذہ

1. طلبہ/طالبات کو سورۂ کٰفِرون دُرست تلفّظ کے ساتھ زبانی یاد کروائیے۔
2. طلبہ/طالبات کو سوتے وقت سورۂ کٰفِرون پڑھنے کا ذہن دیجیے۔



## آیۃُ الْکُرْسِی

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ
اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ
كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ○

### مدنی پھول

- جو شخص ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی پڑھے گا وہ مرنے کے بعد جنّت میں جائے گا۔
- آیۃُ الکرسی پڑھنے والا شخص شیطان اور جن کی تمام شرارتوں سے محفوظ رہے گا۔

### رہنمائے اساتذہ

1. طلبہ/طالبات کو آیۃُ الکرسی دُرست تلفّظ کے ساتھ زبانی یاد کروائیے۔
2. طلبہ/طالبات کو ہر نماز کے بعد اور سوتے وقت آیۃُ الکرسی پڑھنے کا ذہن دیجیے۔



Dar-ul-Madinah

# اللہ عَزَّوَجَلَّ پاک ہے

**تدریسی مقاصد**

- اللہ عَزَّوَجَلَّ کی صفات بتانا۔
- اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ہر عیب سے پاک ہونے کا اعتقاد پختہ کرنا۔

جس طرح ایک مسلمان کو یہ عقیدہ رکھنا ضروری ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ساری کائنات کو پیدا کیا ہے۔ وہ سب کو روزی عطا فرماتا ہے۔ وہی سب کو موت دیتا ہے۔ تمام تر خُوبیوں اور اچّھائیوں کا مالک وہی ہے۔ اِسی طرح ایک مسلمان کو یہ عقیدہ رکھنا بھی ضروری ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہر قسم کے عیب اور بُرائی سے پاک ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ ہر طرح کے شریک سے پاک ہے، اُس کی ذات، صِفات، اِختیار اور اقتدار میں اُس کا کوئی شریک نہیں۔ وہی ساری کائنات کا خالق و مالک ہے۔ ساری کائنات کا نظام اُسی کے حکم سے چل رہا ہے، وہ اِس نظام کے چلانے میں کسی کی مدد یا مشورے کا محتاج نہیں ہے۔ وہ معبُودِ حقیقی ہے اور اُس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات جسم اور جسمانی حاجات سے پاک ہے۔ اُسے کھانے پینے، سونے اور لباس کی کوئی حاجت نہیں ہے۔ اُس کے لیے کوئی جگہ یا سمت مخصوص نہیں کی جاسکتی مثلاً اللہ عَزَّوَجَلَّ اُوپر ہے یا اُوپر والا ہے ایسا کہنا ہرگز دُرست نہیں۔ وہ اپنی قدرت کاملہ سے سب کچھ سُنتا اور دیکھتا ہے، مگر ہماری طرح دیکھنے کے لیے آنکھ اور سُننے کے لیے کان کا محتاج نہیں ہے۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ جو چاہے کرسکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو چیز ممکن ہے اللہ عَزَّوَجَلَّ اُس پر قادر ہے۔ جھوٹ، دَغا، مکر و فریب اور ظلم وغیرہ ہر قسم کے عیب سے پاک ہے۔

**مدنی پھول**

ہمیں ہر وقت یہ سوچ رکھنی چاہیے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں دیکھ رہا ہے۔

**یاد رکھنے کی باتیں**

- اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات تمام کمالات و خُوبیوں کی مالک ہے۔
- اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔
- اللہ عَزَّوَجَلَّ جسم اور جسمانی حاجات سے پاک ہے۔
- اللہ عَزَّوَجَلَّ ہر قسم کے عیب و نَقص سے پاک ہے۔
- اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف کسی عیب کی نِسبت کرنا کُفر ہے۔

**رہنمائے اساتذہ**

- طلبہ/طالبات کو اسلامی عقیدہ "اللہ عَزَّوَجَلَّ پاک ہے" سبق کی مدد سے اچھی طرح سمجھائیے۔



Darul Madinah

# پانی کے احکام

**تدریسی مقصد** • طلبہ/طالبات کو پانی کے متعلق احکام سکھانا۔

پانی اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ اِسے ہم کھانے، پینے اور دیگر کاموں کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ میلے کچیلے کپڑوں کو دھو کر صاف سُتھرا کرتے ہیں اور وُضو و غُسل وغیرہ سے جسمانی طہارت بھی حاصل کرتے ہیں، لیکن ہر پانی ایسا نہیں ہوتا جس سے طہارت حاصل کی جاسکے بلکہ طہارت پاک پانی سے حاصل ہوسکتی ہے اور پاک پانی ہمیں بارش، ندی، نالے، چشمے، کنویں، تالاب، سمندر اور برف وغیرہ کے ذریعے حاصل ہوتا ہے۔

یہی پاک پانی اگر ناپاک ہوجائے تو اُس سے طہارت حاصل نہیں ہوتی۔ اگر کم پانی مثلاً بالٹی، مٹکے، چھوٹی ٹنکی یا حوض وغیرہ میں کوئی ناپاک چیز گر جائے یا ایسا جانور گر کر مر جائے جس کے بدن میں خُون ہوتا ہے تو پانی ناپاک ہوجائے گا۔ اسی طرح زیادہ پانی مثلاً کسی ایسے بڑے حوض یا تالاب وغیرہ میں کوئی ناپاک چیز گر جائے جس کی کُل لمبائی و چوڑائی کم از کم دَہ دَر دَہ یعنی 100 ہاتھ (225 فُٹ) ہو، اور اُس ناپاکی کی وجہ سے پانی کا رنگ یا ذائقہ بدل جائے یا پانی میں بدبُو پیدا ہوجائے تو پانی ناپاک ہوجائے گا اور ایسے پانی سے وُضو اور غسل وغیرہ نہیں کرسکتے۔ اگر اتنے بڑے حوض میں نجاست

گری اور پانی کا رنگ، بُو یا ذائقہ تبدیل نہ ہوا تو وہ پانی پاک ہی رہے گا اور اُس سے وُضو و غُسل کیا جاسکتا ہے۔

اگر کسی بے وُضو یا جس شخص پر غُسل فرض ہو، اُس کا بغیر دُھلا ہاتھ یا اُنگلی کم پانی مثلاً بالٹی، مٹکے، چھوٹی ٹنکی یا ایسے حوض وغیرہ میں پڑ جائے، جو دَہ دَر دَہ یعنی 100 ہاتھ (225 فُٹ) سے کم ہو، تو یہ پانی "مستعمل" ہوجائے گا۔ مستعمل پانی اگرچہ پاک ہے اور اس سے بدن یا کپڑوں پر لگی ہوئی نجاست دھوئی جاسکتی ہے لیکن مستعمل پانی سے وُضو یا غُسل نہیں کرسکتے۔ یُونہی اگر دُھلا ہوا ہاتھ ثواب حاصل کرنے کے لیے دھونے کی نیّت سے پانی میں ڈالا جیسے کھانے کا وضو کرنے کے لیے پانی میں ہاتھ ڈالا تو بھی پانی مستعمل ہوجائے گا۔ مستعمل پانی کو طہارت کے قابل بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ اُس پانی میں غیر مستعمل پانی اس سے زیادہ ملادیں تو سارا پانی وُضو و غُسل کے لیے بھی قابلِ استعمال ہوجائے گا۔

**کیا آپ جانتے ہیں**

دُنیا کے تمام پانیوں میں سب سے افضل پانی نبی کریم صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی انگشت مُبارکہ سے نکلا ہوا پانی ہے۔[4]

(فتاویٰ رضویہ، جلد 3، صفحہ 52، مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

## رہنمائے اساتذہ

1. طلبہ / طالبات کو پاک اور ناپاک پانی میں اِمتیاز کرنا سکھایئے۔
2. طلبہ / طالبات کو بتایئے کہ صرف پاک پانی سے طہارت حاصل کی جاسکتی ہے۔
3. طلبہ / طالبات کو مُستعمل پانی کی وضاحت سمجھا دیجیے۔
4. طلبہ / طالبات کو دہ در دہ پانی کے بارے میں سمجھایئے کہ بڑے حوض یا تالاب وغیرہ جن کی لمبائی و چوڑائی کم از کم دَہ دَر دَہ یعنی 100 ہاتھ (225 فُٹ) ہو یا اس سے زیادہ ہو، وہ دریا، سمندر یا نہر کے بہتے ہوئے پانی کے حکم میں ہے۔
5. طلبہ / طالبات کو مستعمل پانی، طہارت کے قابل بنانے کا طریقہ بھی اچھی طرح سمجھا دیجیے۔